| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 54 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24

Total No. of Questions : 54 ] [ Total No. of Printed Pages : 24

## ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

## Code No. : 66-U Subject : Third Language — URDU

ದಿನಾಂಕ : 13. 04. 2012 ] [ Date : 13. 04. 2012

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ–1-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-15 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | | 14. | | | 27. | | | 40. | | | 53. | |
| 2. | | | 15. | | | 28. | | | 41. | | | 54. | |
| 3. | | | 16. | | | 29. | | | 42. | | | × | |
| 4. | | | 17. | | | 30. | | | 43. | | | × | |
| 5. | | | 18. | | | 31. | | | 44. | | | × | |
| 6. | | | 19. | | | 32. | | | 45. | | | × | |
| 7. | | | 20. | | | 33. | | | 46. | | | × | |
| 8. | | | 21. | | | 34. | | | 47. | | | × | |
| 9. | | | 22. | | | 35. | | | 48. | | | × | |
| 10. | | | 23. | | | 36. | | | 49. | | | × | |
| 11. | | | 24. | | | 37. | | | 50. | | | × | |
| 12. | | | 25. | | | 38. | | | 51. | | | × | |
| 13. | | | 26. | | | 39. | | | 52. | | | × | |
| | | | | | | | | | | | | ***Total Marks*** | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Total Marks in words** | | **Grand Total** | |
| 1. ✓ | | | |
| 2. ✓ | | ✓ | ✓ |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

عام ہدایات :

(i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (objective) اور موضوعی (subjective) قسم کے 54 سوالات ہیں۔

(ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

(iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

(v) پنسل سے جواب مت لکھئے۔ پنسل سے لکھے ہوئے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

(vi) کثیر انتخابی (multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نا اہل سمجھا جائیگا۔

(vii) سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

I. ذیل کے ہر سوالوں / نامکمل بیان کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک صحیح جواب چُنیں اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھیں۔ 15 × 1 = 15

1. سید سلیمان ندوی کے لکھے ہوئے سبق کی نشاندہی کیجئے۔

(A) اللہ کے رسول ﷺ (B) استادِ محترم

(C) غفلت (D) بھلولا کا جلسہ

جواب : ____________________

2. مولانا ادیب سے میری ملاقات ہوئی۔

(A) 1940ء (B) 1930ء

(C) 1836ء (D) 1935ء

جواب : ____________________

3. ایک روز ملّا نصیرالدین ایک سیٹھ کے پاس گیا اور فرمائش کی.......................

(A) برتن کی (B) گلاس کی

(C) بچّہ کی (D) پھول کی

جواب : ____________________

4. خرگوش بہت پچھتایا..................

(A) اپنی غفلت پر (B) اپنی ہوشیاری پر

(C) اپنی چالاکی پر (D) اپنی مجبوری پر

جواب : ____________________

5. سبق ''نئی روشنی'' میں دوسرا شخص اللہ تعالیٰ سے فریاد کررہا تھا..................

(A) اے اللہ میری آنکھوں کی روشنی لوٹا دے (B) بس میرے پاؤں لوٹا دے

(C) یا اللہ مجھے سُننے کی طاقت بخش دے (D) اے اللہ میری یادداشت لوٹا دے

جواب : ____________________

6. کونسا کھیل ہمارے ملک کا قومی کھیل کہلاتا ہے؟

(A) کرکٹ (B) فٹ بال

(C) ہاکی (D) باسکٹ بال

جواب : ____________________

7. اے میرے مالک اے عرش والے.................. اِس مصرعے کا ثانی مصرعہ ہے۔

(A) ہم غمزدوں کا غم خوار ہے تو (B) ہم بےکسوں پر یارب رحم کر

(C) جلوے ہیں تیرے سب سے نرالے (D) کیوں بے اثر ہے فریاد میری

جواب : ____________________

8. ''نعت'' اِس نظم میں تعریف ہوتی ہے۔

(A) اللہ تعالیٰ کی (B) بادشاہوں کی

(C) حضور ﷺ کی (D) خلفائے راشدین کی

جواب : ________________

9. علامہ اِقبالؔ کی پیدائش........................

(A) 1973ء میں ہوئی (B) 1873ء میں ہوئی

(C) 1875ء میں ہوئی (D) 1785ء میں ہوئی

جواب : ________________

10. ''مطلع'' ........................

(A) غزل کا تیسرا شعر کہلاتا ہے (B) دوسرا شعر کہلاتا ہے

(C) پہلا شعر کہلاتا ہے (D) آخری شعر کہلاتا ہے

جواب : ________________

11. چار مصرعے والی نظم کہلاتی ہے۔

(A) مسدّس (B) مخمس

(C) قطعہ (D) رباعی

جواب : ________________

12. فعل سے مُراد ہے۔

(A) کام (B) نام

(C) اِسم (D) فاعل

جواب : ________________

13. محاورہ ''تو تو میں میں ہونا'' یعنی

(A) ایک دوسرے کو دیکھنا (B) ایک کو دیکھ کر دوسرے کا ہنسنا

(C) جھگڑا ہونا (D) خوش وخرم ہو جانا

جواب : ________________

14. لفظ ''قوم'' کی جمع ہے۔

(A) قومیں (B) اقوام

(C) خوم (D) قومے

جواب : ____________________

15. کا-کی-کے ہیں۔

(A) فاعل (B) حروف اضافت

(C) حروف مفعول (D) حروفِ مستقل

جواب : ____________________

II. درجہ ذیل خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے : 5 × 1 = 5

16. سعدی کا پورا نام.................ہے۔

____________________

17. غزل کے لغوی معنی.................ہیں۔

____________________

18. خرگوش بازی.................گیا۔

____________________

19. مناجات اِس نظم کے شاعر.................ہیں۔

____________________

20. آپؐ کے دادا کا نام.................تھا۔

____________________

III. 21. حصہّ 'الف' اور حصہّ 'ب' کا مناسب اور موزوں طور پر جوڑ لگائیں اور فراہم کی گئی جگہ پر صحیح جواب لکھیں: 5 = 1 × 5

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | اللہ کے رسولؐ | (a) | دسینہ میں پیدا ہوئے |
| (ii) | مرزا غالبؔ | (b) | مکہّ میں پیدا ہوئے |
| (iii) | سید سلیمان ندوی | (c) | آگرہ میں پیدا ہوئے |
| (iv) | علامہ اقبالؔ | (d) | حیدرآباد میں پیدا ہوئے |
| (v) | امجدؔ حیدرآبادی | (e) | سیال کوٹ میں پیدا ہوئے |

جواب : i) ________________

ii) ________________

iii) ________________

iv) ________________

v) ________________

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے: 8 = 1 × 8

22. بحیرۂ عرب کے مشرقی کنارے پر کونسا ملک واقع ہے؟

________________________

________________________

23. پھل ''آم'' کا وطن کونسا ہے؟

24. قاضی کی عدالت میں کیا مقدمہ پیش ہوا؟

25. کن فکاں سے کیا مُراد ہے؟

26. جگنو نے بلبل سے کیا کہا؟

27. ارض وسما کا بادشاہ کون ہے؟

28. حروفِ تحسین کسے کہتے ہیں؟

29. فعل معروف کی تعریف کیا ہے؟

V. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیں: 15 × 2 = 30

30. مولانا ادیب کی اُردو زبان وادب کی خدمات کا جائزہ لیں۔

31. '' برتن کا بچہ '' سبق سے آپ کو کیا سبق ملتا ہے؟

32. ''میں ہوا کی طرح تیز چلتا ہوں اور تم چیونٹی کی طرح رینگتے ہو۔'' متن کے حوالے سے واضح کرو۔

33. جوش نے تمکین کاظمی کو خط نہ لکھنے کی کیا وجہ بتائی؟

34. خربوزہ نے اپنی کیا خصوصیات بتائیں؟

35. ہاکی کی ابتداء کب اور کہاں ہوئی ؟

36. سُرخ روئی اور سربلندی کو اشرف سعودی نے نعت میں کس طرح استعمال کیا ہے؟

37. تندرست آدمی کے کیا مشغلے ہوتے ہیں؟

38. مولانا الطاف حسین حالؔی کا تعارف کرائیے؟

39. رباعی میں کس قسم کے مضامین لکھے جاتے ہیں؟

40. اِس شعر کا مطلب لکھیں:

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی

میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

41. حروف کی تعریف مثال کے ذریعے لکھیں؟

42. مصدر کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھیں۔

43. اضداد لکھیں۔

(i) دوست :

(ii) آغاز :

44. مترادف الفاظ لکھیں:

(i) گھر :

(ii) قدیم :

VI. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیں : 5 × 3 = 15

45. ''مناجات'' کے ابتدائی تین شعر اپنی یادداشت سے قلمبند کریں۔

46. ملاّ نصیرالدین اور سیٹھ کی شخصیت بیان کریں۔

47. مومنؔ کی غزل گوئی سے متعلق جوشؔ نے کیا کہا ہے ؟

48. سید سلیمان ندوی کا تعارف کرائیں۔

49. شعر کا مطلب لکھیے :

کس کس کو بتائیں گے جدائی کا سبب ہم

تو مجھ سے خفا ہے تو زمانے کے لئے آ

50. کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنی آسان زبان میں لکھیے: $2 \times 4 = 8$

ہمدردی (یا) مناجات

51. آپؐ کے اخلاق وعادات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

52. اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام ایک خط لکھیں جس میں اپنی علالت کا ذکر کرتے ہوئے دو دِن کی چُھٹی طلب کی گئی ہو۔ 5

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں: 5

میرا پسندیدہ کھیل (یا) کمپیوٹر

54. ذیل میں دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جوابات لکھیں : 4 × 1 = 4

آپؐ کے والد کا نام عبداللہ تھا۔ یہ عبدالمطلب کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ عبدالمطلب قریش کے سردار تھے اور اُن کا بڑا اثر تھا۔ عبداللہ نے شادی کے کچھ ہی دنوں بعد وفات پائی۔ ان کی وفات کے چند مہینے کے بعد ان کی بیوی بی بی آمنہ کو بچّہ پیدا ہوا۔ جس کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم رکھا گیا۔ یہی وہ بچّہ ہے جس کے پیدا ہونے کی دُعا حضرت ابراہیمؑ نے خدا سے مانگی تھی۔

سوالات :

i) آپؐ کے والد کا نام کیا تھا؟

______________________________

______________________________

______________________________

ii) عبدالمطلب کون تھا؟

______________________________

______________________________

______________________________

iii) بی بی آمنہ کے بچّے کا نام کیا تھا؟

______________________________

______________________________

______________________________

iv) کس پیغمبر نے خدا سے دُعا مانگی تھی؟

______________________________

______________________________

______________________________